بہبود، جامع تشخیص، باز بحالی اور ملازمت

BRC-1065 (U)

Human Resources Administration
Department of Social Services

© کاپی رائٹ 2023، سٹی آف نیو یارک ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن/ڈپارٹمنٹ آف سوشل سروسز۔
اس مٹیریل کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کے لیے نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن سے رابطہ کریں۔

ہمارا مشن

WeCARE آپ کو خدمات فراہم کرنے کے لیے منظم ہے، چاہے آپ کی اہلیت کی سطح جو بھی ہو۔ WeCARE آپ کی استعداد تک پہنچنے میں آپ کی مدد کے لیے بنایا گیا ایک پروگرام ہے۔ ہماری سب سے بڑی تشویش آپ کی بہبود ہے اور آپ کے اہداف تک پہنچنے میں ہم آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ حسب ضرورت بنائی گئی خدمات WeCARE کو منفرد بناتی ہیں۔

کس چیز کی توقع کریں

WeCARE آپ کی طبی کیفیت کی تشخیص کرے گی اور آپ کی استعداد تک پہنچنے میں آپ کی مدد کے لیے درکار خدمات آپ کو دے گی۔ WeCARE طبی ریفرلز سے لے کر آپ کی دلچسپیوں اور اہلیتوں کی بنیاد پر نوکری کی تربیت اور پلیسمنٹ تک سے آپ کو جوڑتی ہے۔

وسیع تر بہبود کی سمت میں 5 مراحل

1

آپ کو طبی اور دیگر ایسے مسائل کی شناخت کرنے کے لیے جو کام سے متعلق سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتی ہوں ایک تشخیص موصول ہوگی۔

2

جامع تشخیص کی بنیاد پر، ہم آپ کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے ایک حسب ضرورت منصوبہ تیار کرنے کے واسطے آپ کے ساتھ کام کریں گے۔

3

اپنے منصوبے کے لحاظ سے، آپ:

» اپنی صحت کی کیفیات کو بہتر بنانے اور بہبود کی سمت پیشرفت کرنے کے لیے معالجہ حاصل کر سکتے ہیں؛

» آپ کو خصوصی نوعیت کی ملازمتی خدمات بشمول کام کرنے کی ایسی سیٹنگ دی جا سکتی ہے جس سے آپ کی تحدیدات میں سہولت ملے؛

» معذوری کی جن مراعات کے لیے آپ اہل ہو سکتے ہیں ان کے لیے درخواست دینے میں اعانت موصول کر سکتے ہیں۔

4

کامیاب ہونے میں آپ کی مدد کے لیے، ہم آپ کے ساتھ کام کر کے آپ کی پیشرفت پر نگاہ رکھیں گے۔

5

آپ کو نوکری مل جانے پر، ہم یقینی بنائیں گے کہ اسے برقرار رکھنے کے لیے درکار تعاون آپ کو ملے، جبکہ آپ کی استعداد تک پہنچنے میں آپ کی مدد کرتے رہیں گے۔

کامیاب ہونے میں آپ کی مدد کے لیے دستیاب خدمات

- طبی نگہداشت سے ربط
- کیس مینیجمنٹ
- قانونی مسائل میں اعانت کے لیے ریفرلز
- فیملی کے مسائل اور نگہداشت طفل میں مدد
- انگریزی زبان کی اہلیتیں بہتر بنانا
- نوکری کی اہلیتوں کی تربیت
- تعلیم
- خصوصی نوعیت کی عملی سرگرمیاں
- ریزیومے کی تیاری
- جاب پلیسمنٹ کی خدمات
- برقراریت کی خدمات
- معذوری کی مراعات جیسے (SSDI ،SSI) کے لیے درخواست دینے میں اعانت